21/06/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی

یوگا دن

پوری دنیامیں آج یو گا کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ اس سال یو گا کا یہ 12واں عالمی دن ہے۔ اس کا موضوع صحت مند عمر کےلئے یو گا یعنی Yoga for Healthy ageing رکھا گیا ہے۔ جو یو گا کو صحت مند، فعال اور باوِقار بڑھاپے کےلئے زند گی بھر کی مشق کے طور پر اپنانے کی اہمیت اُجاگر کر تا ہے۔

ملک میں یو گا کی مرکزی تقریب مغربی بنگال کے شہر کولکتہ کے تاریخی ریڈ روڈ پر منعقد ہوئی، جس کی قیادت وزیر اعظم نریندر مو دی نے کی۔ اپنی تقریر میں وزیر اعظم نے یو گا کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اس بات کا عہد کرے کہ وہ یو گا کو صرف ایک دن تک محدود نہ کرے بلکہ اس کو اپنی زند گی اور پورے کنبے کا حصہ بنائیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ۔

------PM------

یو گا-LG1

ادھر ملک کے ساتھ ساتھ جمونو کشمیر میں بھی یو گا کا عالمی دن بڑے جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ سرینگر کے SKICC میں ایک بڑی تقریب منعقد ہوئی جس کی قیادت ایل جی منوج سنہا نے کی جبکہ تعلیم اور طبی تعلیم کی و زیر سکینہ ایتو بھی تقریب پر موجود تھیں۔

ہزار سے زائد افراد اس تقریب مینشریک ہوئے ، جن میں سکولی بچے بھی شامل تھے۔ ایل جی 7 نے یو گا کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور کہا کہ یہ دن ہمیں زند گی میں صحت کی اہمیت اور من کی شانتی یاد دلاتا ہے۔ انہوننے کہا ۔

--------LG-------

تعلیم اور صحت کی و زیر سکینہ ایتو نے یو گا کو صحت کےلئے ایک کار گر نسخہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ جسمانی نشو نما کے ساتھ ساتھ ذہنی دباؤ کم کرنے کےلئے بھی اہم ہے۔ انہوں نے کہا

--------Sakeena-------

یو گا-LG2

وادی کے دوسرے اضلاع میں بھی یو گا کی تقریبات کے انعقاد سے مختلف خبریں موصول ہو ئی ہیں۔ جن میں انتظامیہ کے اعلیٰ افسران، سکولی بچوں اور عام شہریوں نے بڑھ چڑھ کرشرکت کی۔

ملاقاتLG

سینئر کانگریس لیڈر اور رُکن پارلیمان ڈاکٹر ششی تھرور نے کل لوک بھون سرینگر میں ایل جی منوج سنہا سے ملاقات کیجبکہ آل جے اینڈ کے کرسچن سبھا جس کی قیادت اسکے صدر آشوپیٹر مٹو کر رہے تھے ، نے بھی ایل جی سے ملاقات کی ، جس دوران یونین ٹریٹری میں عیسائی برادری کی ترقی سے متعلق درکار مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

NEET

امتحان کا انعقاد ہو رہا ہے۔ یہ امتحان پچھلی بار امتحانی پرچہ NEET-2026ملک بھر میں آج فاش ہونے کی وجہ سے منسوخ کیا گیا تھا۔ سرینگر اور وادی کے دوسرے اضلاع میں بھی امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں، جہاں بچوں کی سہولت کےلئے معقول انتظامات کئے گئے ہیں اور سکیورٹی کا خاطر خواہ بندو بست ہے۔ CCTV,Biometric۔ امتحان کو شفاف بنانے کےلئے

لیگل سروسز

میں کل جمونو کشمیر لیگل سروسز اتھارٹی کے اہتمام سے خواتین کو با SKICCسرینگر کے اختیار بنانے اور ان کےلئے قانونی سپورٹ مضبوط کرنے سے متعلق ایک جانکاری پروگرام منعقد ہوا جس کی صدارت سپریم کورٹ کے جج اور قومی لیگل سروسز اتھارٹی کے ایگزیکٹیو چیرمین جسٹس وِکرم نا تھ نے کی جبکہ جمونو کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے قائمقام چیف جسٹس، جسٹس سجے دھر اور عدلیہ کے کئی دوسرے اعلیٰ حکام بھی تقریب پر موجود تھے۔

اس موقعے پر خواتین اور بچیوں کو با اختیار بنانے سے متعلق قانونی امداد مضبوط کرنے کی ضرورت اُجاگر کی گئی۔

تولہ مولہ

تولہ مولہ گاندربل میں میلہ کھیر بھوانی میں شرکت کی غرض سے کل شردھالوں کا پہلا جتھا گاندربل پہنچا جہاں ڈپٹی کمشنر گاندربل جَتن کشور اور ایس ایس پی گاندربل سدھان شو داما کے علاوہ مقامی لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے اُن کا گرم جوش استقبال کیا۔ میلہ کھیر بھوانی کل منایا جا رہا ہے۔

ستیش شرما

کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کے وزیر ستیش شرما نے کل بڈگام میں فاووس تائیکانڈو کپ کا افتتاح کیا ، جس میں یوٹی کے مختلف اضلاع سے آئے اُبھرتے مارشل آرٹ کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں۔

بارہمولہ

ڈگری کالج بارہمولہ میں فوج کی چنار کور اور لکشیا فاؤنڈیشن کے اشتراک سے اوڑی ، سوپور اور بارہمولہ میں تعلیمی اور تمدنی رابطے کا5روزہ پروگرام میرا دیش میری پہچان2026 کل اختتام پذیر ہواسینکڑوں طلباءنے اختتامی تقریب میں شرکت کی اور ہندوستان کی ثقافت اور تمدن کی رنگا رنگی سے واقفیت حاصل ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 اعشاریہ9ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ24 اعشاریہ6ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

....